DOMESTIC CRICKET SEASON 2020-21

جڑواں شہروں میں بارش کے باعث نیشنل انڈر19 تھری ڈے ٹورنامنٹ کے میچز ڈرا ہو گئے

راولپنڈی،16نومبر 2020 :

راولپنڈی اور اسلام آباد میں بارش کے باعث ایوب پارک گراؤنڈ راولپنڈی اور شالیمار گراؤنڈ اسلام آباد میں کھیلے گئے دونوں میچز کے تیسرے روز ایک بھی گیند کا کھیل ممکن نہ ہوسکا۔ دونوں میچوں میں دوسرے روز کا کھیل بھی شروع ہونے سے قبل ہی روک دیا گیا تھا۔

اس سے قبل ایوب پارک گراؤنڈ راولپنڈی میں ناردرن اور بلوچستان کے مابین کھیلے گئے میچ کے پہلے روز صرف 21اوورز کا کھیل ہی ہوسکا تھا۔ ناردرن نے بلوچستان کی دعوت پر پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے 3 وکٹوں کے نقصان پر 100 رنز بنائے تھے کہ میچ خراب روشنی کے باعث روک دیا گیا جو بعد ازاں شروع ہی نہیں کیا جاسکا۔

ادھر شالیمار گراؤنڈ اسلام میں سنٹرل پنجاب اور خیبر پختونخوا کے درمیان کھیلے گئے میچ کے پہلے روز 51 اوورز کا کھیل ہوا تھا، جہاں سنٹرل پنجاب نے 5 وکٹوں کے نقصان پر 160 رنز بنائے۔ پانچوں کھلاڑیوں کو کے پی کے اسپنر ذیشان احمد نے آؤٹ کیا تھا۔ پہلے روز سنٹرل پنجاب کے اوپنر شاویز عرفان 66 رنز بنا کر ٹاپ اسکورر رہے تھے۔

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486

W: www.pcb.com.pk

About the National U19 Three-Day Tournament

- *The National Three-Day Cricket Tournament 2020-21 for the teenagers will be played from 5 November and the final, a four-day affair to be played at the Gaddafi Stadium, will begin on 26 November*

- *Three cities will host 16 matches at four venues, namely Country Club Ground, Muridke (2); Gaddafi Stadium, Lahore (6); LCCA Ground, Lahore (5); Rana Naveed Academy, Sheikhupura (3). Detailed schedule is here*

- *PKR2.5million are up for grabs in the tournament as the winning team will bag PKR1.5million and the best performers will receive PKR50,000 each*

- *Sindh will be defending the title they won after defeating Northern by seven wickets in Sheikhupura*

- *To ensure health and safety of the players and all those involved, the tournament is played under strict Covid-19 protocols*

- *The tournament serves as a platform for the up and coming cricketers to impress the selectors and stake a claim in Pakistan U19 side. The six Cricket Association U19 squads are available here*